ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔021-99212639

تردید/وضاحت

کراچی 26 جون 2020:-

ترجمان سندھ پولیس نے سوشل میڈیا پر چلنے والی ایک رپورٹ کہ جس میں بتایا گیا ہے کہ کورونا سے متاثرہ سندھ پولیس کے جوانوں کو صرف دس ہزار روپے علاج معالجے کے لیئے دیئے جارہے ہیں" کی سختی سے تردید کرتے ہوئے اسے حقائق کے برخلاف اور من گھڑت قرار دیا ہے۔ترجمان نے سوشل میڈیا رپورٹ کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ کورنا وائرس میں مبتلا اہلکاروں کو سندھ حکومت کی جانب سے بہترین اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کا عمل جاری ہے جبکہ دس ہزار روپے انکے علاج معالجے کے لیئے نہیں بلکہ انکی فیملیز کو کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیئے استعمال ہونیوالی ضروری اشیاء ماسک، دستانے، سینیٹائزر، صابن وغیرہ خریدنے کے لیئے دیئے گئے ہیں۔

ترجمان نے مذید کہا کہ سندھ پولیس کے ملازمین کو اس موذی مرض سے بچاؤ کے لیئے ماسک، سینیٹائزر، دستانے اور صابن جیسی ضروری اشیائا ستعمال کے لیئے پہلے سے ہی مہیا کی گئی ہیں

ترجمان نے اے آئی جی ویلفیئر سندھ کی ایک رپورٹ کے مطابق بتایا کہ 774 افسران اور جوانوں کے اکاؤنٹس میں ابتک دس ہزار روپے فی کس کے حساب سے منتقل کیئے جاچکے ہیں جبکہ بقیہ ماندہ افسران واہلکاروں کے اکاؤنٹ میں بھی مذکورہ رقم منتقلی کے عمل میں ہے

۔

ترجمان کا کہنا تھا کہ مذکورہ خبر کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں اور اس قسم کی خبر سے سندھ پولیس کا مورال ڈاؤن نہیں کیا جاسکتا پولیس انتہائی بلند حوصلہ رہتے ہوئے عوام کے جان ومال کے تحفظ میں مصروف عمل ہے

ـــــــ